اس واحد مضمون کی ایک مختصر جھلک جسے چننے
کا فیصلہ طلبہ آزادی سے کر سکتے ہیں-
سمجھنے کیلئے کہ یہ کس کے متعلق ہے، اور سوچ
سمجھ کر چننے کیلئے-

مذہب کی تعلیمات

iRc

مذہب بہت حقیقی ہے: یہ معاشرے کا اظہار ہے اور کوئی
معاشرہ ایسا نہیں جس میں مذہب کسی نہ کسی شکل میں موجود
نہ ہو –
ڈرخائم

AUTONOME PROVINZ BOZEN SÜDTIROL
PROVINCIA AUTONOMA DI BOLZANO ALTO ADIGE
CASA HAUS SCUOLA CULTURA

Realizzazione artistica di Monika Stoffner

– اس کی کیا ضرورت ہے ؟

یہ ایک ایسا وقت ہے جس میں بہت سے مضامین باہم ملتے اور رابطہ کرتے ہیں ، (فنونِ لطیفہ ، تاریخ ، ادب ، جغرافیہ ، موسیقی ، فلسفہ وغیرہ) – یہ طلبہ کی انسانی اور سماجی تربیت کر کے عالمی تعلیم کی مدد کرتا ہے – یہ مختلف ثقافتوں کے درمیان مکالمہ اور ملاپ کی راہ ہموار کرتا ہے ، بشکریہ روحانی حوالاجات اور اخلاقیات کا بہترین فہم جو اس کا بنیادی عنصر ہیں –

– ہم کیا کرتے ہیں ؟

مذہب کا پیریڈ بنیادی طور پر عیسائیت کی تاریخ اور ثقافت کے متعلق ہے ، مگر یہ دوسرے بڑے عالمی مذاہب کو جاننےکا موقع بھی فراہم کرتا ہے ، بشکریہ جدید تدریسی نظام – دوسرے مذاہب اور نکتہ نظر رکھنے والے طلبہ کی موجودگی اور دہریے طلبہ کا نکتہ نظر بلاشبہ اس پیریڈ کو مختلف نکتہ نظر کے مابین مقابلے کا پلیٹ فارم بن جاتا ہے ، جس میں مختلف نکتہ نظر ، مختلف روایات اور مختلف ذاتی تجربات باہم احترام اور تفہیم سے مکالمہ کر سکتے ہیں –
مذہب کی تعلیم کا مقصد عالمی اقدار جیسے برداشت ، مساوات ، دوستی اور ٹھوس تجربات کا موقع فراہم کرنا بھی ہے –

– ہم کون ہیں ؟

مذہب کا استاد اپنے مضمون کا ماہر ہوتا ہے جو اس مضمون کی تعلیم و تدریس کی بھرپور تیاری رکھتا ہے – وہ ثقافتی آلات سے لیس ہے جنھیں وہ مضمون کی تعلیم کے لیے استعمال کرتا ہے جو مذہب کی تعلیم کے مختلف اظہار میں حصہ ڈالتے ہیں

مذہب کی تعلیمات

مذہب ایک آفاقی اور پیچیدہ انسانی تجربہ ہے – یہ یقین اور ایسے اعمال پر مشتمل ہے جسے ہمیشہ سے، – مختلف اشکال میں اور مختلف ثقافتوں میں – انسان قبول کرتے رہے ہیں اور اس کی تشریح اور اس کے وجود پر نت نئے سوالات کرتے رہے ہیں – مذہب کی تعلیم ثقافتی روایات اور اقدار کی روح کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے جو تاریخی پس منظر میں ایک تہذیب کی تعریف بیان کرتی ہے : جو خواہ فنونِ لطیفہ کے اظہار کی شکل میں ہو یا اس کے سیاسی اور سماجی انتظام کی شکل میں ہو – مذہب کی اچھی سمجھ بوجھ بالعموم اور عیسائیت کی سمجھ بالخصوص ، جہاں تک ہمارے معاشرے کا تعلق ہے یہ اس دنیا کو سمجھنے کے لیے جس میں ہم رہتے ہیں اور ان حقائق کو سمجھنے کے لیے جو ہمارے چاروں طرف ہیں بہت ضروری ہے –

-یہ کیا ہے ؟

یہ ثقافت کے گہرے مطالعے کا ایک موقع ہے اور ہر اس چیز کا تقابلی جائزہ ہےجو مذہب ، اخلاقیات اور وجود کے بڑے مسائل سے متعلق ہے – یہ تعلیم تمام طلبہ کے لیے ہے – جو ایمان رکھتے ہیں یا نہیں ، عیسائی ہیں یا کسی دوسرے مذہب سے تعلق رکھتے ہیں – یہ طالب علم کی عالمی تعلیم اور سکول کی تکمیل میں کردار ادا کرتا ہے – یہ مختلف علوم کے ملاپ کا ایک قدرتی پلیٹ فارم ہے ، اور پھر بہت سے علوم ہیں جو مذہب کے علم کی ہی ایک شکل ہیں –

– یہ کیا نہیں ہے ؟

یہ کوئی نظریہ نہیں ہے ، نہ ہی مذہبی نظریات کی تبلیغ ہے ، یہ صرف کیتھولک طلبہ کے لیے مخصوص نہیں ہے –